## سوال

(252)تاش کے پتے کھیلنا

## جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

ہم اکثر امیر لوگوں سیت اش کے پتوں سے کھیلتے ہیں اور جو ہم میں سے جیت جائے ، اسے دو سو ریال دیتے ہیں، کیا یہ حرام اور جوئے کی قسم ہے ؟ (مطلق ۔ ع ۔ ا)

---

# الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

جس طرح یہ کھیل ذکر کیا گیا ہے ، اس صورت میں یہ حرام اور جوا ہے اور جوا وہ مال ہے جو آسانی سے ہاتھ لگ جائے ۔ جس کا ذکر اللہ تعالیٰ کے اس قول میں ہوا ہے :

یٰاَیُّہَا الَّذِیْنَ اٰمَنُوْٓا اِنَّمَا الْخَمْرُ وَالْمَیْسِرُ وَالْاَنْصَابُ وَالْاَزْلَامُ رِجْسٌ مِّنْ عَمَلِ الشَّیْطٰنِ فَاجْتَنِبُوْہُ لَعَلَّکُمْ تُفْلِحُوْنَ O اِنَّمَا یُرِیْدُ الشَّیْطٰنُ اَنْ یُّوْقِعَ بَیْنَکُمُ الْعَدَاوَةَ وَالْبَغْضَآءَ فِی الْخَمْرِ وَالْمَیْسِرِ وَیَصُدَّکُمْ عَنْ ذِکْرِ اللّٰہِ وَ عَنِ الصَّلٰوةِ فَہَلْ اَنْتُمْ مُّنْتَہُوْنَ O

''اے ایمان والو! شراب، جوا، بت اور پانسے کے تیر سب شیطانی اعمال ہیں ۔ لہٰذا ان سے اجتناب کرو تاکہ تم فلاح پاؤ۔ شیطان تو یہ چاہتا ہے کہ شراب اور جوئے کے ذریعے تمہارے درمیان نفرت اور عداوت ڈال دے اور تمہیں اللہ کے ذکر اور نماز سے روک دے ۔ تو کیا تم (ان باتوں سے ) باز آتے ہو؟ ۔'' (المائدة : ۹۰ ۔ ۹۱)

لہٰذا ہر مسلم پر واجب ہے کہ وہ اس کھیل اور اس کے علاوہ جوئے کی دوسری انواع سے بچے . . . تاکہ اس کھیل پر مرتب ہونے والی بے شمار برائیوں سے ، جن کا ذکر ان دو آیتوں میں ہوا ہے ، سلامتی اور عافیت میں رہے اور کامیابی کے ساتھ مراد کو پہنچے ۔

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

**فتاویٰ ابن باز رحمہ اللہ**

**جلد اول - صفحہ 240**